# ماڈیول ۸

## طلبِ علم اور صبر کی اہمیت

طلبِ علم میں صبر ایک بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ایک طالب علم کے لیے صبر کی ضرورت اور اس کی اہمیت کو سمجھنا ضروری ہے۔ بہت سے لوگ علم کی طلب میں اچھے آغاز کے باوجود صبر کی کمی کی وجہ سے علم کی منازل مکمل نہیں کر پاتے۔ان میں سے ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ لوگ صبر سے کام نہیں لیتے اور طلبِ علم میں استقامت کو برقرار نہیں رکھ پاتے۔

## صبر کی اقسام

صبر کے بارے میں عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ صرف مصیبت یا پریشانی کے وقت اللہ کی رضا پر راضی رہنے کا نام ہے، لیکن صبر کے تین اہم پہلو ہیں: ایک یہ کہ نیکی اور اطاعت پر مستقل مزاجی اختیار کی جائے، دوسرا یہ کہ گناہ اور نافرمانی سے بچا جائے، اور تیسرا یہ کہ مصیبت کے وقت صبر کا مظاہرہ کیا جائے۔ صبر کا لغوی مطلب " روکنا " ہے، یعنی اپنے نفس کو روکنا اور قابو میں رکھنا۔

## صبر اور اطاعت

نیکی اور اطاعت پر صبر کرنا سب سے مشکل کام ہے۔ جب انسان اللہ کی اطاعت میں ہوتا ہے تو اس کے لیے مستقل مزاجی سے اس پر قائم رہنا ضروری ہوتا ہے۔ یہ صبر کی ایک اہم قسم ہے جس میں انسان نیکیوں پر قائم رہنے کے لیے اپنے نفس کو قابو میں رکھتا ہے اور اس راہ میں آنے والی مشکلات کا سامنا کرتا ہے۔

## گناہ سے بچنا

صبر کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو گناہ اور نافرمانی سے روکے۔ گناہ کی خواہشات، نفس کے تقاضے اور معاشرتی دباؤ کی وجہ سے انسان گناہوں کی طرف مائل ہوتا ہے، لیکن صبر کا تقاضا یہ ہے کہ ان تمام چیزوں سے بچا جائے۔

## مصیبت اور آزمائش پر صبر

تیسرا اہم پہلو یہ ہے کہ مصیبت یا آزمائش کے وقت اللہ کی رضا پر راضی رہا جائے۔ نبی کریم ﷺ کے بیٹے سیدنا ابراہیمؓ کی وفات پر آپ ﷺ نے رنج و غم کا اظہار کیا، لیکن زبان سے کوئی ایسی بات نہیں کی جو اللہ کو ناراض کرے۔ اس سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ مصیبت کے وقت صبر کا مظاہرہ کرنا ضروری ہے۔

## طلب علم میں صبر کی ضرورت

علم کی راہ پر چلنا آسان نہیں، یہ مستقل محنت اور صبر کا متقاضی ہے۔ بہت سے لوگ علم کے راستے پر قدم رکھتے ہیں، لیکن صبر نہ ہونے کی وجہ سے راستے میں ہی رک جاتے ہیں۔ کچھ لوگ علم حاصل کرنے کے ابتدائی مراحل طے کرنے کے بعد مشہور ہو جاتے ہیں اور شہرت کے فتنے میں مبتلا ہو کر علم سے دور ہو جاتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ علم کی طلب میں مستقل مزاجی اور صبر کو اپنا شعار بنایا جائے۔

## علماء کی صحبت اور علم کی راہ پر استقامت

علماء کے ساتھ منسلک رہنا اور ان سے علم حاصل کرتے رہنا فتنے سے بچنے کا ذریعہ ہے۔ علم کی طلب میں مستقل مزاجی اور استقامت کے بغیر علم مکمل نہیں ہو سکتا۔ علم حاصل کرنے کا سفر ہمیشہ جاری رہنا چاہیے، چاہے آپ نے کتنی ہی بڑی کتابیں پڑھ لی ہوں یا کتنے ہی سال علم کے حصول میں گزارے ہوں، پھر بھی علم کی طلب اور صبر کا سلسلہ جاری رکھنا ضروری ہے۔

## علماء کی مثالیں اور سلف کا طرزِ عمل

اسلاف نے علم حاصل کرنے کے لیے بے پناہ قربانیاں دیں اور صبر کے ساتھ علم کی راہ میں آنے والی مشکلات کا سامنا کیا۔ ان سب بڑے علماء نے علم کے لیے اپنی زندگیاں قربان کیں۔ ہمیں بھی ان کی پیروی کرتے ہوئے علم کی راہ میں استقامت اور صبر کے ساتھ چلنا چاہیے۔

**حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ:**

- بھوک کے دوران بھی علم حاصل کرتے رہے۔
- اپنے علمی جذبے کے لیے لوگوں کی تنقید برداشت کی۔
- سب سے زیادہ احادیث روایت کرنے والے صحابی (5000+ احادیث)۔

**امام بخاری رحمہ اللہ:**

- مال کا قربان کرنا: طلبِ علم کے سفر میں انہوں نے اپنی دولت کا ہر حصہ علم سیکھنے میں لگا دیا۔ ایک سفر میں، ان کے پاس رکھے 40,000 درہم انہوں نے سمندر میں پھینک دیے، تاکہ ان کی ایمانداری پر شک نہ ہو۔
- راتوں کی محنت: ان کا ایک مشہور واقعہ یہ ہے کہ ایک رات میں وہ 20 مرتبہ اٹھ کر مشہور نکات لکھتے رہے۔ یہ صبر اور استقامت کی اعلیٰ مثال ہے۔

**امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ:**

- ابن تیمیہ نے کہا کہ ایک مرض کی وجہ سے ڈاکٹر نے انہیں مشورہ دیا کہ علم کے بارے میں غور و فکر اور بات چیت چھوڑ دیں، کیونکہ یہ ان کی صحت پر برا اثر ڈال سکتی ہے۔
- مگر انہوں نے جواب دیا:

"جب میں علم کے مسائل پر غور کرتا ہوں اور بات چیت کرتا ہوں، تو میرا دل خوش ہوتا ہے اور مجھے تکلیف کم محسوس ہوتی ہے۔"

**امام مالک رحمہ اللہ:**

- امام مالک نے اپنے گھر کا ہر قیمتی چیز بیچ دی، حتیٰ کہ اپنے گھر کی چھت کی لکڑیاں تک فروخت کر دیں تاکہ علم حاصل کرنے کا سلسلہ جاری رکھا جا سکے۔
- ان کا علم کا جذبہ اس بات کا ثبوت ہے کہ انہوں نے اپنی معاشی مشکلات کے باوجود کبھی علم کے سفر کو نہیں چھوڑا۔

**امام ابو یوسف رحمہ اللہ:**

- امام ابو یوسف، جو امام ابو حنیفہ کے مشہور شاگرد ہیں، ان کا ایک واقعہ مشہور ہے: ان کا بیٹا وفات پا گیا، مگر وہ امام ابو حنیفہ کی کلاس میں رہے، تاکہ علم کا کوئی اہم نکتہ ان سے نہ چھوٹ جائے۔

**امام ابن الجوزی رحمہ اللہ:**

- خوشی اور آرام کا قربانی: انہوں نے علم کے لیے اپنے کھانے، آرام، اور تسلی کو چھوڑ دیا۔ فرماتے ہیں: "مجھے حریصہ کھانے کا شوق تھا، مگر علم کی مجلس کے وقت کھانے کا موقع نہیں ملتا تھا، اس لیے محسوس کیا کہ علم زیادہ ضروری ہے۔"

**صبر کے مددگار طریقے طالبِ علم کے لیے:**

- **اخلاص:** ہر کام صرف اللہ کے لیے ہو۔ دکھاوا اور دنیا کے مقاصد نہ ہوں۔
- **مشورہ:** علماء اور بزرگوں کے مشورے سے مشکلات کا حل نکالنا۔
- **استقامت:** مشکلات کے باوجود لگاتار سیکھنے کا جذبہ قائم رکھنا۔
- **دعا:** اللہ سے مدد اور صبر کا طلب کرنا۔

## Talab-e-Ilm Aur Sabr Ki Ahmiyat

Talab-e-ilm mein sabr ek bunyadi haisiyat rakhta hai. Ek talib-e-ilm ke liye sabr ki zarurat aur iski ahmiyat ko samajhna zorori hai. Bohat se log ilm ki talab mein achay aghaz ke bawajood sabr ki kami ki wajah se ilm ki manazil mukammal nahi kar pate. In mein se ek bari wajah yeh hai ke log sabr se kaam nahi lete aur talab-e-ilm mein istiqamat ko barqarar nahi rakh pate.

## Sabr Ki Iqsam

Sabr ke baare mein aam tor par yeh samjha jata hai ke yeh sirf musibat ya pareshani ke waqt Allah ki raza pe razi rehne ka naam hai, lekin sabr ke teen aham pehlu hain: ek yeh ke neki aur itaat par mustaqil mizaji ikhtiyar ki jaye, doosra yeh ke gunaah aur nafarmaani se bacha jaye, aur teesra yeh ke museebat ke waqt sabr ka muzahira kiya jaye. Sabr ka lughvi matlab "rokna" hai, yani apne nafs ko rokna aur kaabu mein rakhna.

## Sabr Aur Itaat

Neki aur itaat par sabr karna sab se mushkil kaam hai. Jab insaan Allah ki itaat mein hota hai to uske liye mustaqil mizaji se is par qaim rehna zaroori hota hai. Yeh sabr ki ek ahem qisam hai jisme insaan nekion par qaim rehne ke liye apne nafs ko kaabu mein rakhta hai aur is raah mein aane wali mushkilat ka samna karta hai.

## Gunah Se Bachna

Sabr ka doosra pehlu yeh hai ke insaan apne aap ko gunah aur nafrmaani se roke. Gunah ki khwahishat, nafs ke taqaze aur maashrati dabaao ki wajah se insaan gunahon ki taraf mail hota hai, lekin sabr ka taqaza yeh hai ke in tamam cheezon se bacha jaye.

## Museebat Aur Aazmaish Par Sabr

Teesra ahem pehlu yeh hai ke museebat ya aazmaish ke waqt Allah ki raza par raazi raha jaye. Nabi Kareem ﷺ ke betay Syedna Ibrahim ki wafat par aap ﷺ ne ranj o gham ka izhar kiya, lekin zubaan se koi aisi baat nahi ki jo Allah ko naraz kare. Is se humein yeh sabaq milta hai ke museebat ke waqt sabr ka muzahira karna zaroori hai.

## Talab-e-Ilm Mein Sabr Ki Zarurat

Ilm ki raah par chalna asaan nahi, yeh mustaqil mehnat aur sabr ka mutalabi hai. Bohat se log ilm ke raste par qadam rakhte hain, lekin sabr na hone ki wajah se raste mein hi ruk jate hain. Kuch log ilm hasil karne ke ibtidaayi marahil tay karne ke baad mashhoor ho jate hain aur shohrat ke fitne mein mubtala

ho kar ilm se door ho jate hain. Is liye zaroori hai ke ilm ki talab mein mustaqil mizaji aur sabr ko apna shuaar banaya jaye.

## Ulama Ki Sohbat Aur Ilm Ki Raah Par Istiqamat

Ulama ke sath munsalik rehna aur unse ilm hasil karte rehna fitne se bachne ka zariya hai. Ilm ki talab mein mustaqil mizaji aur istiqamat ke baghair ilm mukammal nahi ho sakta. Ilm hasil karne ka safar hamesha jaari rehna chahiye, chahe aap ne kitni hi bari kitabein parh li hon ya kitne hi saal ilm ke husool mein guzare hon, phir bhi ilm ki talab aur sabr ka silsila jaari rakhna zaroori hai.

## Ulama Ki Misalein Aur Aslaaf Ka Tarz-e-Amal

Aslaaf ne ilm hasil karne ke liye bepanah qurbanian deen aur sabr ke sath ilm ki raah mein aane wali mushkilat ka samna kiya.In sab baray ulama ne ilm ke liye apni zindagiyon ko qurban kiya. Humein bhi unki pairwi karte hue ilm ki raah mein istiqamat aur sabr ke sath chalna chahiye.

**Hazrat Abu Hurairah رضی اللہ عنہ:**

- Bhook ke doran bhi ilm hasil karte rahe.
- Apne ilmi jazbe ke liye logon ki tanqeed bardasht ki.
- Sabse zyada ahadith riwayat karne wale Sahabi (5000+ ahadith).

**Imam Bukhari رحمہ اللہ:**

- Maal ka Qurbaan Karna: Talab-e-ilm ke safar mein unhone apni dolat ka har hissa ilm seekhne mein laga diya. Ek safar mein, unke paas rakhe 40,000 dirham unhone samundar mein phenk diye, taake unki imaandari par shaq na ho.
- Raaton ke Mehnat: Unka ek mashhoor waqiya yeh hai ke ek raat mein wo 20 martaba uth kar mashhoor nuqtaat likhte rahe. Yeh sabr aur istiqamat ka aala misaal hai.

**Imam Ibn Taymiyyah رحمہ اللہ:**

- Ibn Taymiyyah ne kaha ke ek marz (disease) ki wajah se doctor ne unhe mashwara diya ke ilm ke bare mein ghor-o-fikr aur baat cheet chor dein, kyunke ye unki sehat par bura asar dal sakti hai.
- Magar unhone jawab diya:<br>"Jab main ilm ke masail par ghoor karta hoon aur baat cheet karta hoon, to mera dil khush hota hai aur mujhe takleef kam mehsoos hoti hai."

**Imam Malik رحمه الله:**

- Imam Malik ne apne ghar ka har qeemti cheez bech di, hatta ke apne ghar ki chhat ke lakrien tak farokht kar di taake ilm hasil karne ka silsila jari rakha ja sake.
- Unka ilm ka jazba is baat ka saboot hai ke unho ne apni ma'ashi mushkilat ke bawajood kabhi ilm ke safar ko nahi chhoda.

**Imam Abu Yusuf رحمه الله:**

- Imam Abu Yusuf, jo Imam Abu Hanifa ke mashhoor shagirad hain, unka ek waqiya mashhoor hai- Unka beta wafat hua, magar wo Imam Abu Hanifa ki class mein rahe, taake ilm ka koi aham nuqtah unse na choot jaye.

**Imam Ibn al-Jawzi رحمه الله:**

- Khushi aur Aram ka Qurbani: Unho ne ilm ke liye apne khane, aram, aur tasalli ko chhod diya.Farmate hain: "Mujhe Harisah khane ka shoq tha, magar ilm ki majlis ke waqt khane ka mauqa nahi milta tha, is liye mehsoos kiya ke ilm zyada zaruri hai."

## Sabr ke Madadgar Tareeqe Talib-e-Ilm ke Liye

1. **Ikhlas:** Har kaam sirf Allah ke liye ho. Show-sha aur duniya ke maqsad na hon.
2. **Mashwara:** Ulama aur buzurgon ke mashware se mushkilat ka hal nikaalna.
3. **Istiqamat:** Mushkilat ke bawajood lagataar seekhne ka jazba qaim rakhna.
4. **Dua:** Allah se madad aur sabr ka talab karna.